© rasailojaraid.com

# حرفِ تمنّا

فیکلٹی آف اسلامک اسٹڈیز کے مجلّہ معارفِ اسلامیہ کا چودھواں شمارہ نذرِ محققین وقارئین ہے۔ میری ڈین شپ کا یہ تیسرا شمارہ ہے۔ علم وتحقیق کا یہ روایتی سفر پوری سرگرمی سے جاری وساری ہے۔ متنوع موضوعات پر محققین اور طلبائے تحقیق کے مضامین اس میں یکجا ہیں۔ کم وبیش ہمہ اقسام کے صاحبانِ ذوق کی تسکین کا سامان بہرطوراس میں موجود ہے۔

ہماری خواہش ہے، جسے ہم بار بار دہراتے ہیں اورایک بار پھراسی خواہش کا اعادہ کرر ہے ہیں کہ لکھنے والے معزز اصحابِ علم ودانش اپنے افکارکومزید نکھاریں، تحقیقی اقدارکوفروغ دیں، علامہ شبلی نعمانی ؒ، ابوالکلام آزادؒاورسید سلیمان ندویؒ ودیگر اسلاف کی مثالیں اپنے سامنے رکھیں اور کچھ ایسا کریں کہ ان کا بھی نام تاریخ میں اچھے لفظوں میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محفوظ ہوجائے۔ یہ مجلّات دراصل اسی سلسلے کی کڑیاں ہوتے ہیں اوراسی کے ذریعے فروغ تحقیقات کے مواقع سب کو میسر آتے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہم سب میں وہ کون ہے جوسب پر بازی لے جانے کی کوشش کرسکتاہے اوراپنے رشحاتِ قلم سے اُمتِ مسلمہ کو رہینِ منت کرسکتاہے۔ اسی تمنا کے ساتھ بہ احترامات فراواں، اگلے شمارے کیلئے آپ کی عمدہ اورمعیاری نگارشات کا طلب گار۔

آپ کا اپنا

مدیراعلیٰ

مجلّہ معارفِ اسلامیہ، جامعہ کراچی



© rasailojaraid.com